Digitized by Khilafat Library Rabwah

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اِنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰہِ یُؤْتِیْہِ مَنْ یَّشَآءُ
عَسٰٓی اَنْ یَّبْعَثَکَ رَبُّکَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا

فون ۴۴۹

روزنامہ الفضل ربوہ

The Daily ALFAZL RABWAH

روزانہ

رجسٹرڈ ایل نمبر ۵۲۵۴

ایڈیٹر مسعود احمد دہلوی

خطبہ جمعہ لاہور ۴

قیمت فی پرچہ ۴۰ پیسے

جلد ۶۱/۲۶ | ۱۵ر شوال ۱۳۹۲ھ ۲۲ر نبوت ۱۳۵۱ھ ۲۲ر نومبر ۱۹۷۲ء | نمبر ۲۶۶

اخبار احمدیہ

ربوہ۔ ۲۱ر نبوت۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی صحت کے متعلق آج صبح کی اطلاع مظہر ہے کہ:۔

ہلکی سی سر درد ہے عام طبیعت اچھی ہے۔

احباب جماعت حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کی صحت و سلامتی کے لئے خاص توجہ اور التزام سے دعائیں جاری رکھیں۔

ربوہ۔ ۲۱ر نبوت۔ حضرت سیدہ نواب مبارکہ بیگم صاحبہ مدظلہا العالی کی صحت کے متعلق آج صبح کی اطلاع یہ ہے کہ طبیعت بفضلہ تعالیٰ بہتر ہے۔

احباب جماعت حضرت سیدہ مدظلہا کی صحت و عافیت اور درازیٔ عمر کے لئے بالالتزام دعائیں کرتے رہیں۔

حتی الوسع تمام دوستوں کو جلسہ سالانہ میں ضرور شامل ہونا چاہیئے

میری دعا ہے کہ اس جلسہ میں شامل ہونے والوں کو اللہ تعالیٰ اجر عظیم بخشے آمین

جلسہ سالانہ کے متعلق سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے تاکیدی ارشادات

جلسہ سالانہ پر آنے کی تاکید

"لازم ہے کہ اس جلسہ پر جو کئی بابرکت مصالح پر مشتمل ہے ہر ایک ایسے صاحب ضرور تشریف لاویں جو زادِ راہ کی استطاعت رکھتے ہوں اور اپنا سرمائی بستر لحاف وغیرہ بھی بقدر ضرورت ساتھ لاویں اور اللہ اور اسکے رسولؐ کی راہ میں ادنیٰ ادنیٰ ہرجوں کی پرواہ نہ کریں۔ خدا تعالیٰ مخلصوں کو ہر قدم پر ثواب دیتا ہے اور اسکی راہ میں کوئی محنت اور صعوبت ضائع نہیں جاتی۔ اور مکرر لکھا جاتا ہے کہ اس جلسہ کو معمولی جلسوں کی طرح خیال نہ کریں۔ یہ وہ امر ہے جس کی خالص تائید حق اور اعلائے کلمۂ اسلام پر بنیاد ہے۔ اس سلسلہ کی بنیادی اینٹ خدا تعالیٰ نے اپنے ہاتھ سے رکھی ہے اور اس کے لئے قومیں تیار کی ہیں جو عنقریب اس میں آملیں گی۔ کیونکہ یہ اس قادر کا فعل ہے جسکے آگے کوئی بات انہونی نہیں۔"

جلسہ سالانہ کی غرض

۱۔ "اس جلسہ کی بڑی غرض یہ بھی ہے کہ تا ہر ایک مخلص کو بالمواجہ دینی فائدہ اٹھانے کا موقعہ ملے اور ان کے معلومات دینی وسیع ہوں اور معرفت ترقی پذیر ہو۔"

۲۔ "صرف طلبِ علم اور مشورۂ امدادِ اسلام اور ملاقاتِ اخوان کے لئے یہ جلسہ تجویز کیا ہے۔"

۳۔ ماسوا اسکے اس جلسہ میں یہ ضروریات میں سے ہے کہ یورپ اور امریکہ کی دینی ہمدردی کے لئے تدابیر حسنہ پیش کی جائیں۔ کیونکہ یہ ثابت شدہ امر ہے کہ یورپ اور امریکہ کے سفید لوگ اسلام قبول کرنے کے لئے تیار ہو رہے ہیں۔"

۴۔ اس جلسہ میں ایسے حقائق اور معارف کے سنانے کا شغل رہیگا جو ایمان اور یقین اور معرفت کو ترقی دینے کیلئے ضروری ہیں۔"

جلسہ سالانہ میں شامل ہونے والوں کے لئے دعا

"میں دعا کرتا ہوں کہ ہر ایک صاحب جو اس للّٰہی جلسہ کیلئے سفر اختیار کریں خدا تعالیٰ انکے ساتھ ہو اور انکو اجر عظیم بخشے اور ان پر رحم کرے اور انکی مشکلات اور اضطراب کے حالات ان پر آسان کر دے اور انکے ہم و غم دور فرمائے اور انکو ہر ایک تکلیف سے مخلصی عنایت کرے اور انکی مرادات کی راہ ان پر کھولدے اور روزِ آخرت میں اپنے ان بندوں کیساتھ ان کو اٹھاوے جن پر اس کا فضل اور رحم ہے اور تا اختتام سفر انکے بعد انکا خلیفہ ہو۔ اے خدا، اے ذوالمجد والعطاء اور رحیم اور مشکل کشا یہ تمام دعائیں قبول کر اور ہمیں . . . . روشن نشانوں کے ساتھ غلبہ عطا فرما کہ ہر ایک قوت و طاقت تجھ ہی کو ہے۔"

آمین ثم آمین۔" (اشتہار ۷ر دسمبر ۱۸۹۲ء)

پبلشر:۔ مسعود احمد ۔ پرنٹر:۔ سید عبدالحی ۔ مطبع:۔ ضیاء الاسلام پریس ربوہ ۔ مقام اشاعت:۔ دفتر الفضل دارالرحمت غربی، ربوہ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

خطبہ جمعہ

مَیں آج تحریکِ جدید کے انتالیسویں، انتیسویں اور آٹھویں سال کا اعلان کرتا ہوں

سات لاکھ نوّے ہزار روپے کے مقرر کردہ ٹارگٹ تک پہنچنے میں جو کمی رہ گئی ہے اسکو پورا کرنے کی کوشش کریں

تحریکِ جدید "الفضل" کے ذریعہ اللہ تعالیٰ کے اُن فضلوں کو جماعت کے سامنے لائے جو اس سال اُس نے جماعت پر کئے ہیں

از سیّدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ بنصرہ العزیز

فرمودہ مورخہ ۳ ماہ نبوت ۱۳۵۱ھش مطابق ۳ نومبر ۱۹۷۲ء بمقام مسجد اقصیٰ ربوہ

مرتبہ:- مکرم یوسف سلیم صاحب شاہد ایم۔اے انچارج شعبہ زود نویسی۔

سورۃ فاتحہ کے بعد حضور نے مندرجہ ذیل آیت تلاوت فرمائی:-

وَاِذَا سَاَلَكَ عِبَادِیْ عَنِّیْ فَاِنِّیْ قَرِیْبٌ ؕ اُجِیْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ ۙ فَلْیَسْتَجِیْبُوْا لِیْ وَلْیُؤْمِنُوْا بِیْ لَعَلَّهُمْ یَرْشُدُوْنَ ۝ (بقرۃ: ۱۸۷)

اور اس کے بعد فرمایا:-

جس وقت یہ مسجد تعمیر ہو رہی تھی اُس وقت منتظمین مجھے یہ رپورٹ دیا کرتے تھے کہ یہ مسجد اور اس کا مسقف حصہ مسجد مبارک سے اتنے گنا بڑا ہے کہ اس کا صرف مسقف حصہ ہی نمازیوں کے لئے کافی ہوگا مگر آج ہمیں یہ نظر آرہا ہے کہ اس کا مسقف حصہ بھی تنگ ہوگیا ہے بلکہ باہر صحن میں جو شامیانوں کی ایک لائن لگی ہوئی ہے وہ بھی نمازیوں کے لئے کافی نہیں ہے۔ اسی طرح ہماری بہنوں کے لئے اُوپر کی گیلری میں جگہ بہت تنگ ہوگئی ہے۔ اس تنگی کو دُور کرنے کے لئے اگرچہ سامنے برآمدے میں قناتیں لگاکر مستورات کے بیٹھنے کا انتظام کردیا گیا ہے لیکن یہ بھی اُن کے لئے کافی نہیں ہے۔ مَیں نے ابھی دیکھا تھا کہ کئی عورتیں مسجد کے باہر بیٹھی ہوئی ہیں۔ گو رمضان میں مستورات کی حاضری بھی نسبتاً زیادہ ہے لیکن عام جمعہ کے دنوں میں بھی اُن کے لئے جگہ تھوڑی ہوتی ہے۔ اس لئے آئندہ سے ہماری بہنوں کے بیٹھنے کے لئے صحن میں شامیانے کے نیچے بھی قنات لگاکر جگہ مخصوص ہونی چاہیئے تاکہ مستورات کو تکلیف نہ ہو۔ بہرحال ہم اپنی حد بست کے اندر رہتے ہوئے اپنے منصوبے بناتے ہیں۔ مگر اللہ تعالیٰ تو وہ ذات ہے جس کی حد بست نہیں کی جاسکتی۔ وہ اپنی قدرتوں اور رحمتوں کے نتیجہ میں اس سے بہت زیادہ دے دیتا ہے جس کا منصوبہ بنایا جاتا ہے۔ اس لئے شکر کرنے اور

الحمدللہ پڑھنے کا مقام

ہے۔ فالحمدُ للہ ربّ العالمین۔

آج کا یہ جمعہ اس سال کے رمضان کے مہینے کا آخری جمعہ ہے اور اس آخری جمعہ کے متعلق جہاں بہت سی بدعات اُمّتِ مسلمہ میں پیدا ہوگئی ہیں وہاں بہت سے لوگوں نے اس سے نہایت اچھے اسباق بھی سیکھے ہیں۔ جہاں تک ہماری جماعت کا تعلق ہے ہم میں سے ہر ایک دوست کو ہر وقت چوکس رہنا چاہیئے کہ اس قسم کی کوئی بدعت کسی چور دروازے سے جماعت احمدیہ میں داخل نہ ہونے پائے۔

ابھی جب مَیں یہاں پہنچا تو ربوہ کے ایک فوٹو گرافر صاحب کھڑے تھے۔ مَیں نے پوچھا آپ یہاں کیسے آگئے ہیں۔ کہنے لگے آپ کی تصویریں لینی ہیں۔ مَیں نے کہا رمضان کے پہلے ہفتوں میں مَیں نے آپ کو یہاں نہیں دیکھا۔ مَیں سمجھتا ہوں اُن کے دماغ میں یہ خیال آیا کہ وہ اس موقع پر تصویریں کھینچیں گے اور بعد میں جو لوگ نئے نئے احمدی ہوتے ہیں اور پُرانے خیالات لے کر آتے ہیں یا کئی بچے ہیں جو بڑے ہوتے ہیں یا بعض بچے ہیں جن کو ابھی شعور نہیں آیا ہوتا اُن کو کہیں گے دیکھو! یہ جمعۃ الوداع کی تصویر ہے۔ اس لئے مَیں نے اُن کو تصویریں اُتارنے سے روک دیا۔ گو ہے تو یہ ایک چھوٹی سی بات لیکن اسے بھی نظر انداز نہیں کیا جاسکتا۔ ہمارے اندر

سُوئی کے ناکے جتنا رخنہ

بھی پیدا نہیں ہونا چاہیئے کیونکہ اس طرح آہستہ آہستہ بدعات کا ایک دروازہ کھل جاتا ہے۔ دوستوں کو یاد رکھنا چاہیئے کہ ہم خدا تعالیٰ کی ایک چیدہ جماعت ہیں۔ ہمیں اس قسم کی بدعات سے اجتناب کرتے ہوئے سادگی اور عاجزی کے ساتھ اپنی زندگی کے دن گذارنے چاہئیں۔

پس یہ تو ایک حقیقت ہے کہ رمضان کا یہ آخری جمعہ ہے مگر اسے جمعۃ الوداع کہہ کر اس کے گرد بہت ساری غلط باتیں لپیٹ دینا اسلام کی اصل رُوح کو نہ سمجھنے کے مترادف ہے۔ اس بات سے تو انکار نہیں کیا جاسکتا کہ یہ رمضان کا آخری جمعہ ہے۔ اس لئے بدعات سے قطع نظر ہم یہ بھی کہہ سکتے ہیں کہ یہ جمعہ رمضان کو الوداع کہتا ہے۔ کیونکہ اس کے بعد رمضان کا اور کوئی جمعہ نہیں۔ جمعہ خود تو نہیں بولتا۔ جمعہ کے دن تو خطبہ ہوتا ہے۔ پس جمعہ کا رمضان کو الوداع کہنے کا مطلب یہ ہوگا کہ امام اور خطیب کو ماہ رمضان میں

اجتماعی نصیحت اور وعظ

کرنے کا یہ ایک آخری موقع ہے۔ پہلے ایک جمعہ آیا پھر دُوسرا پھر تیسرا جمعہ آیا اور اب یہ جمعہ آخری جمعہ ہے اس کے بعد رمضان کے باقی دنوں میں امام جماعت یا خطیبوں کے لئے لوگوں کو وعظ و نصیحت کرنے اور حکمت اور رُوحانیت کا درس دینے کا موقع نہیں پیدا ہوگا۔

اس رمضان میں جو چیز نمایاں طور پر میرے مشاہدہ میں آئی ہے وہ بڑی خوشکن ہے۔ گو میں باقاعدگی سے ریڈیو تو نہیں سُنتا لیکن کبھی تقریروں وغیرہ کا پروگرام ہو تو سُن لیتا ہوں۔ اس دفعہ رمضان کے متعلق جو تقریریں یا درسِ قرآنِ کریم ریڈیو کے ذریعہ نشر ہوتے رہے ہیں اُن میں سے چند ایک مَیں نے بھی سُنے ہیں۔ مَیں نے بتایا ہے کہ مَیں کبھی کبھی ریڈیو سُنتا ہوں۔ چنانچہ ایک دن رات کے وقت جب مَیں نے ریڈیو سُنا تو ایک مولوی صاحب پچیسویں سیپارہ کا درس دے رہے تھے اس سے مَیں نے اندازہ لگایا کہ ہر شام کو کسی معیّنہ وقت پر یہ درس بھی ہوا کرتا ہے۔ اسکے بعد چند مرتبہ اُنکا درس مَیں نے

Digitized by Khilafat Library Rabwah

اس غرض کے لئے سُنا کر وہ اپنے درس میں کیا بیان کرتے ہیں۔ چنانچہ میں نے دیکھا ہے کہ ان درسوں اور تقریروں وغیرہ میں یا جو مضامین اخبارات میں شائع ہوتے رہے ہیں اُن میں زیادہ تر اسلام کے متعلق جو صحیح خیالات ہیں یعنی جماعت احمدیہ کے جو خیالات ہیں اُن سے ملتے جلتے خیالات کا اظہار ہوتا رہا ہے۔ جو اس بات کی دلیل ہے کہ اللہ تعالےٰ قوم کی اصلاح کے لئے کثرت سے فرشتے نازل کر رہا ہے اور ہماری دعائیں جو ہم رمضان میں خلبۂ اسلام کے لئے کرتے چلے آتے ہیں اور کر رہے ہیں اُن کی قبولیت کے آثار نمایاں طور پر پیدا ہو رہے ہیں۔ فالحمد للہ علیٰ ذالک۔

رمضان کا جمعہ کے ساتھ

ایک بڑا ہی گہرا تعلق

ہے۔ قبولیت دعا کا جو جبل اور رسہ ہے اُس نے جمعہ اور رمضان کو ایک ساتھ باندھ دیا ہے۔ چنانچہ قرآن کریم میں رمضان کے متعلق بہت سے احکام بیان ہوئے ہیں انہی احکام کے ضمن میں اللہ تعالےٰ اس آیہ کریمہ میں جس کی میں نے شروع میں تلاوت کی ہے فرماتا ہے۔ جب میرے بندے میرے متعلق سوال کریں (اس آیہ کریمہ کے ایک پہلو کے متعلق میں پچھلے خطبہ میں بھی بیان کر چکا ہوں) تو ان سے کہو میں قریب ہوں۔ اور میرے قرب کی دلیل یہ ہے کہ مجھ سے دعا کرو گے میں قبول کروں گا۔ اب مثلاً ہم نماز میں جو دعائیں کرتے ہیں تو ہمارے ساتھ کھڑا ہوا آدمی بھی نہیں سُن رہا ہوتا مگر خدا تعالےٰ سُن رہا ہوتا ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ جو نمازی ہمارے دائیں بائیں کھڑے ہیں خدا تعالےٰ اُن سے بھی زیادہ قریب ہے ہمارے دائیں بائیں کھڑے ہونے والے نمازیوں کو جو آواز نہیں پہنچتی، وہ اللہ تعالےٰ کو پہنچ جاتی ہے۔ ویسے تو یہ ایک گہرا مضمون ہے لیکن بچوں کو سمجھانے کے لئے اور ایک عام اور سیدھے سادے آدمی کو ذہن نشین کرانے کے لئے یہ مثال دی جا سکتی ہے کہ دائیں طرف کھڑے نمازی تک آواز نہیں پہنچی۔ بائیں طرف کھڑے ہوئے نمازی تک آواز نہیں پہنچی مگر اللہ تعالےٰ تک پہنچ گئی۔ اس سے ایک بچہ بھی یہ نتیجہ نکالے گا کہ دائیں اور بائیں طرف کھڑے ہونے والے نمازیوں کی نسبت اللہ تعالےٰ زیادہ قریب ہے یہاں تک کہ قرآن کریم کی ایک اور آیت کی رو سے اللہ تعالےٰ انسان کی شہ رگ سے بھی زیادہ قریب ہے۔ انسان اپنے نفس اور اپنی روح سے اتنا قریب نہیں جتنا اللہ تعالےٰ انسان کے قریب ہے۔

حضرت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسی حقیقت کو بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ انسان کا دل اللہ تعالےٰ کی انگلیوں میں مختلف زاویوں اور مختلف حالتوں میں ہوتا ہے۔ اللہ تعالےٰ کبھی انسان کے دل کو نیکی کی طرف لے جاتا ہے اور کبھی انسان کے اپنے گناہوں کے نتیجہ میں خدا تعالےٰ بطور سزا کے جہنم اور عذاب کی طرف اس کا زاویہ کر دیتا ہے کبھی انسان کی نیکی اُسے مزید نیکیوں کی توفیق بخشتی ہے اور کبھی انسان کی بدیاں اُسے مزید بدیوں کی طرف گھسیٹ کر لے جاتی ہیں۔ تاہم یہ اللہ تعالےٰ کے منشاء کے مطابق ہوتا ہے یہ نہیں ہو سکتا کہ

اللہ تعالےٰ کا منشاء

تو کچھ اور ہو اور شیطان کے عمل دخل سے کسی چیز کی کوئی اور شکل بن جائے۔ گو یہ باریک مسئلے ہیں لیکن ضرورت کے مطابق خطبات میں عمیق اور گہرے مضامین کو بھی بہت سادہ الفاظ میں اس لئے بیان کرنا پڑتا ہے کہ سننے والوں میں بعض بچے ہوتے ہیں۔ کچھ لوگ اَن پڑھ بھی ہوتے ہیں اور پھر مستورات بھی ہوتی ہیں۔ ان کو بھی سمجھ آ جائے بلکہ میں تو یہ کہوں گا بعض پڑھے لکھے اور سمجھدار لوگ خطبے سے پورا استفادہ نہیں کرتے۔ بعض پوری توجہ سے خطبہ کو سنتے ہیں بعض نصف توجہ سے خطبہ کو سنتے ہیں۔ بعض لوگوں کو خطبہ کے دوران کوئی خیال آ جاتا ہے اور ان کی توجہ ہٹ جاتی ہے۔ بعض دفعہ ایسا بھی ہوتا ہے کہ جو دوست دُور بیٹھے ہوتے ہیں وہ نیم تربیت کی وجہ سے چند لمحوں کے لئے آپس میں باتیں کرنے لگ جاتے ہیں یا ویسے ہی اُن کے دماغ میں خیالات آ جاتے ہیں اور خطبہ کی طرف اُن کی کما حقہٗ توجہ قائم نہیں رہتی اسلئے خطبہ کے دوران خیالات سے بچنے اور توجہ کو قائم رکھنے کے لئے بھی کوشش کرنی پڑتی ہے۔ غرضیکہ مختلف لوگوں کی توجہ کے مختلف معیار ہوتے ہیں۔

بہرحال ہم یہ مثال دے سکتے ہیں کہ دیکھو پاس کھڑے ہوئے نمازی سے خدا تعالےٰ زیادہ قریب ہے اور وہ واقعی بہت ہی قریب ہے کیونکہ وہ انسان کی دعاؤں کو سنتا ہے اور انہیں شرفِ قبولیت بخشتا ہے۔ خدا تعالےٰ نے قبولیتِ دعا کو اپنے اپنے وجود کی دلیل قرار دیا ہے۔ اس نے قبولیتِ دعا کو اپنی ذات وصفات کی معرفت کا ذریعہ ٹھہرایا ہے اس سے پتہ لگتا ہے کہ اللہ تعالےٰ بڑی قدرتوں والا ہے وہ دعا کے نتیجہ میں بسا اوقات اَن ہونی بات کو ہونی کر دیتا ہے یہاں تک کہ وہ انسان کی اس آواز کو بھی جانتا ہے جس نے ابھی الفاظ کا جامہ بھی نہیں پہنا ہوتا کیونکہ اس کا علم انسان کے مخفی اندرونہ اور باطنی آرزوؤں پر بھی محیط ہے۔ ہمارا سر خدائے قادر و توانا کے سامنے جھک جاتا ہے کہ ادھر دل میں دعا کا خیال آتا ہے اور اُدھر وہ دعا قبول بھی ہو جاتی ہے۔ غرض اللہ تعالیٰ کی عجیب شان ہے۔ میں نے اس کی قدرتوں کا بارہا تجربہ کیا ہے میں اسکی کئی مثالیں پہلے بیان کر چکا ہوں بہت ساری ایسی بھی ہیں جن کے بتانے کی ضرورت نہیں ہوتی بہرحال خدا تعالےٰ کی ذات وصفات کی ایک دلیل

قبولیتِ دعا

دی گئی ہے۔ اور یہ ایک بڑی زبردست دلیل ہے بڑی زبردست ہے اس لحاظ سے بھی کہ ساری دنیا کے فلاسفر اسکے مقابلہ میں کوئی دلیل نہیں لا سکتے جو اسکو توڑ سکے

پس رمضان کے متعلق اللہ تعالےٰ نے فرمایا ہے کہ میں نے اس مہینے میں مختلف عبادتوں کے لئے ایسے حالات پیدا کئے ہیں۔ کہ جن کی بناء پر دعائیں قبول ہوتی ہیں اسی طرح جمعہ کے متعلق حضرت نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جمعہ ایک ایسا مبارک دن ہے کہ اس میں ایک گھڑی ایسی بھی آتی ہے کہ اس وقت اللہ تعالےٰ انسان کی دعا کو قبول کر لیتا ہے اور آپ کا بالکل یہی ارشاد رمضان میں قبولیتِ دعا کے متعلق بھی ہے۔

پس قبولیتِ دعا کے لحاظ سے ماہ رمضان اور یوم جمعہ ایک دوسرے سے بہت ملتے ہیں۔ چنانچہ آج رمضان بھی ہے اور جمعہ کا دن بھی ہے اس سے ہمیں ایک سبق بھی ملتا ہے اور وہ یہ کہ ایک عظیم چیلنج جو ہمیں دیا گیا ہے اور ایک عظیم مطالبہ جو ہم سے کیا گیا ہے ہم اسے صرف پورا ہی نہ کریں بلکہ پہلے سے بڑھ کر پورا کریں گویا ہر جمعہ زبانِ حال سے یہ کہتا اور چیلنج دیتا ہے کہ مجھ سے بھی بڑھ کر جمعہ (اور اس کی برکات) لاؤ۔ اور اس کے لئے میں تمہیں چھ دن تیاری کے دیتا ہوں۔ پھر مجھ سے آکر ملنا اور اللہ تعالےٰ کے فیوض اور برکات کے حصول کے لئے کوشش کرنا۔ قبولیتِ دعا کی ایک گھڑی تمہارے لئے مقدر تھی۔ کسی نے اس سے فائدہ اٹھایا کسی نے نہیں اٹھایا اس وقت یہ سوال نہیں مگر اس سے اس حقیقت میں کچھ فرق نہیں پڑتا کہ تمہارے لئے ایک ایسی گھڑی مقدر ہے جس میں دعائیں قبول ہوتی ہیں۔ چنانچہ ہر جمعہ زبانِ حال یہ کہتا ہے کہ اب میں چار ہوں چھ دن کا تمہیں وقت دیتا ہوں اس عرصہ میں اور زیادہ مجاہدہ کرو، ایثار دکھاؤ قربانیاں دو، خدا کے قرب کی مزید راہیں تلاش کرو اس کا پیار حاصل کرو۔ ساتویں دن میں پھر تمہارے پاس آؤں گا۔ تمہیں چاہیئے کہ پہلے سے بڑھ کر اخلاص دکھاؤ۔

پس

یہ ایک چیلنج ہے

اور اس کو سمجھانے کے لئے خصوصاً بچوں کے ذہن نشین کرنے کیلئے میں نے یہ مثال دی ہے۔ درحقیقت یہ ایک مطالبہ ہے جو ہر جمعہ ہم سے کرتا ہے اس اعتبار سے ماہ رمضان کا یہ آخری جمعہ ہم سے یہ مطالبہ کرتا ہے کہ ہم میں سے ہر ایک پاک اور صاف ہو جائے اور ایسا ہونا بھی چاہیئے کیونکہ برکتوں اور رحمتوں سے معمور یہ ماہ مبارک آیا۔ اللہ تعالےٰ نے اپنے بندوں کے لئے فضل کے سامان پیدا کئے بہت سی عبادتیں اکٹھی کر دی گئیں ماحول کو بدل دیا گیا۔ دوست جانتے ہیں کہ ماہ رمضان کا ماحول دوسرے گیارہ مہینوں کے ماحول سے بڑا مختلف ہوتا ہے۔ مثلاً لاہور کے بعض معتکفین بھی اس وقت میرے سامنے بیٹھے ہیں دوسرے دنوں میں شاید دو دو مہینوں کے بعد اور وہ بھی ایک آدھ دن کے لئے ربوہ آتے ہیں لیکن ماہ رمضان انہیں یہاں کھینچ لایا اور اب وہ کئی دن سے ربوہ میں مقیم ہیں پس رمضان کی وجہ سے ماحول بدل جاتا ہے اس مہینے میں قبولیتِ دعا کے مواقع بکثرت میسر آتے ہیں۔ اب جس جمعہ کو ہم جمعہ کے لحاظ سے رمضان کو الوداع کہتے ہیں وہ جمعہ ہمیں یہ چیلنج کرتا ہے کہ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

رمضان کے آخری جمعہ کی حیثیت سے میں جا رہا ہوں۔ آئندہ سال میں پھر اسی حیثیت سے تمہارے پاس آؤں گا۔ اور دیکھوں گا کہ پہلے سے بڑھکر برکات کے حصول کے لئے تم نے کیا کوشش کی ہے۔ اب یہ تو نہیں ہو سکتا کہ گیارہ مہینے چوری کرتے رہو ڈاکے ڈالتے رہو قتل کرتے رہو لڑکیوں کو اٹھواتے رہو۔ تجارت میں دھوکہ بازی کرتے رہو۔ لوگوں کے مال دباتے اور ان کے حقوق کو پامال کرتے رہو اور پھر رمضان کی عبادتیں کر دیا بعض کے نزدیک وہ بھی نہ کرو، پس جمعۃ الوداع میں آجاؤ اور سارے گناہ معاف کروالو۔ یہ تو خدا تعالیٰ سے تمسخر اور مذہب کے ساتھ مذاق کے مترادف ہے۔ اسلام نے تو ہمیں یہ نہیں سکھایا۔ اسلام نے تو ہمیں یہ کہا ہے کہ مجاہدہ کرو۔ جہاد کرو، کوشش کرو۔ محنت کو اپنی انتہا تک پہنچاؤ۔ اپنی قوت کارکردگی کو بذریعہ احسان بڑھاؤ۔ اور اپنے اندر زیادہ محنت کرنے کی اہلیت اور طاقت پیدا کرو۔ یہ وہ سبق ہے جو آخری جمعہ ہمیں دیتا ہے۔ اور یہ وہ

محنت کا تصور

ہے۔ جس کے نتیجہ میں انسان احسان فی العمل کے ذریعہ اپنے اندر اہلیت اور قوت پیدا کرتا ہے احسان فی العمل کے متعلق میں ایک گزشتہ خطبہ میں مختصراً بیان کر چکا ہوں۔ جو الفضل میں شائع بھی ہو چکا ہے۔

غرض تمثیلی زبان میں رمضان کا آخری جمعہ ہم سے یہ کہتا ہے کہ دیکھو میں پھر اگلے سال آؤں گا اور دیکھوں گا کہ تم روحانی لحاظ سے کتنے کامیاب ہوئے ہو۔ رمضان قبولیتِ دعا کا مہینہ اور پھر جمعہ قبولیتِ دعا کی ساعت اپنے اندر سمیٹے ہوئے آتا ہے جو ہمارے لئے روحانی ترقیوں کا اور برکتوں کے حصول کے سامان پیدا کرتا ہے۔ لیکن برکتیں حاصل کرنا ہمارا کام ہے۔ البتہ برکتوں کے حصول کے سامان پیدا ہو جاتے ہیں مثلاً ایک دکان پر اچھے سے اچھے کپڑے پڑے ہوئے ہیں وہ تمہیں بہت پسند بھی ہیں لیکن اس دکاندار نے یا کارخانہ والوں نے یا اس حکومت نے جس کے انتظام میں وہ کارخانہ چل رہا ہے، انہوں نے تمہیں وہ کپڑے مہیا نہیں کرنے البتہ کپڑوں کے حصول کا سامان مہیا کر دیا ہے۔ کپڑے تیار کر دیئے ہیں جنہیں تم اپنی محنت سے حاصل کر سکتے ہو۔ کوئی کہے گا محنت سے کیسے حاصل ہو سکتے ہیں۔ میں کہوں گا محنت سے تم پیسے کماؤ اور ان پیسوں سے کپڑے خریدو۔

پس جس طرح کسی دکان میں تمہاری پسند کے کپڑوں کا پایا جانا یہ نہیں بتاتا کہ وہ کپڑا تمہیں مل بھی گیا ہے بلکہ کپڑا حاصل کرنے کے لئے محنت کرنی پڑتی ہے۔ اسی طرح صرف ماہ رمضان کے روزے رکھ لینا یا آخری جمعہ پڑھ لینا یہ نہیں بتاتا کہ تمہیں رضائے الٰہی حاصل ہو گئی بلکہ ماہ رمضان

رضائے الٰہی کے حصول کے سامان

پیدا کر دیتا ہے۔ خدا تعالیٰ رمضان میں روحانی دکان سجا دیتا ہے اور فرماتا ہے دیکھو! میری یہ برکت ہے اور میری وہ رحمت ہے۔ جو تمہیں روزے کے نتیجہ میں ملے گی۔ نوافل پڑھنے سے اللہ تعالیٰ کے فضل نازل ہوں گے۔ پھر اس ماہ مبارک میں باجماعت نمازوں میں زیادہ تعہد اور التزام کے ساتھ جانا، تلاوت قرآن کریم کرنا، عاجزانہ راہوں کو اختیار کرنا، حضرت نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم پر زیادہ سے زیادہ درود بھیجنا، اپنے بھائیوں کی خبر گیری کرنا، مالی لحاظ سے اُن کے کھانے پینے اور پہننے کا انتظام کرنا وغیرہ وغیرہ۔ بیسیوں ثواب کے کام ہیں۔ جن کے نتیجہ میں اللہ تعالیٰ کے بے شمار فضل نازل ہوتے ہیں۔

غرض خدا تعالیٰ نے ثواب حاصل کرنے کے لئے روحانی دکان سجا دی۔ یہ نہیں فرمایا کہ ثواب تمہیں دے دیا گیا بلکہ فرمایا ماہ رمضان میں وہ دکان سج گئی۔ اب تم تلاوت قرآن کریم، فہم قرآن کریم، اور قرآن کریم کے مضمون پر فکر اور تدبر کرنے کے نتیجہ میں اصلاحِ نفس، تزکیۂ نفس اور طہارت قلب کے ذریعہ اس دکان سے مال خرید سکتے ہو۔ روحانی مال پڑا ہوا ہے۔ تم تلاوتِ قرآن کریم کرو۔ قرآن کریم پر غور و فکر کرو۔ اس سے علوم سیکھو۔ محنت کرو اور اپنی محنت سے

روحانی چیزیں خرید لو

اسی واسطے قرآن کریم نے اس مفہوم میں بھی ان چیزوں کو تجارت کہکر پکارا ہے چنانچہ فرمایا کون ہے جو اللہ تعالیٰ سے تجارت کرتا ہے۔ جو لوگ اللہ تعالیٰ کے ساتھ نیک نیتی سے تجارت کرتے ہیں وہ گھاٹے میں نہیں رہتے قرآن کریم کہتا ہے اپنے بھائی کی خبر گیری کر کے اللہ کی رضا حاصل کرو۔ یعنی اپنی طرف سے پوری کوشش کرو کہ کوئی آدمی بھوکا نہ رہے۔ کسی کو کوئی تکلیف نہ ہو۔ اگر کسی کو کوئی تکلیف ہو تو اس کی تکلیف کو دور کرنے کے لئے دعا اور سخاوت بھی کرنی چاہیئے۔ یعنی اس کے لئے دوائیوں کا انتظام کرنا وغیرہ ہزاروں نیکیاں ہیں جن کے کرنے سے خدا تعالیٰ کی رحمتیں مل سکتی ہیں۔ اور وہ ساری رمضان کی دکان میں موجود ہیں لیکن سخاوت کرو گے تو خدا کی رحمت ملے گی۔ غرض تم نے اپنی محنت سے، اپنے مجاہدہ کے ذریعے اور عاجزانہ دعاؤں کے ذریعہ اللہ تعالیٰ کے فضل کو جذب کر کے روحانی برکات کو حاصل کرنا ہے۔ یہ بھی اسی طرح کی ایک دکان ہے۔ جس طرح مثلاً انگلستان میں ہر ہفتہ منڈیاں لگتی ہیں یہاں بھی بعض جگہ میلے لگتے ہیں۔ گویا ہر ہفتہ جمعہ کے دن

ایک روحانی میلہ

لگتا ہے اور جمعہ کی برکتوں کے حصول کے لئے جو چیز تمہاری جیب میں ہونی چاہیئے وہ روحانی طور پر تمہاری مقبول محنت ہے جس کے نتیجہ میں وہ گھڑی ملتی ہے جس میں دعا قبول ہوتی ہے اور خدا کا فضل نازل ہوتا ہے۔ انسان کی خالی محنت تو کافی نہیں جب تک اس کے نتیجہ میں اللہ تعالیٰ کا فضل نازل نہ ہو پس یہ محنت اور انتہائی محنت یعنی تدبیر اور دعا کو انتہا تک پہنچانے ہی کے نتیجہ میں اللہ تعالیٰ کا فضل نازل ہوتا ہے جب انسان کی محنت قبول ہو جاتی ہے تو اللہ تعالیٰ کہتا ہے کہ اے میرے بندے! جا اور اس روحانی دکان سے جس پسند چیزیں خرید لے۔ پس بڑا خوبصورت ہے وہ مال جو روحانی دکان سے ملتا ہے اور بڑی لذت اور سرور دے ہے اس کھانے میں جو روحانی طور پر ملتا ہے۔ اور بڑا نرم اور آرام پہنچانے والا ہے وہ کپڑا جو ہمیں روحانی طور پر میسر آتا ہے۔ اس دنیا کی چیزیں تو بڑی کھردری اور چبھنے والی ہوتی ہیں۔ لیکن روحانی نعمتیں تو اس قسم کی نہیں ہوتیں۔ کیونکہ ان کے ساتھ امتحان نہیں ہوتا۔ ویسے کبھی کبھی کھدر کے کھردرے کپڑے بھی پہننے پڑتے ہیں۔ جب ہمیں

۱۹۵۳ء میں

ظالمانہ طریق پر پکڑ کر لے گئے تھے تو ہمارے پہننے کے لئے کھدر کے موٹے موٹے کپڑے لے آئے کہ تمہیں سی کلاس دینی ہے۔ دل میں سوچا کہ خدا کے لئے یہ کھدر کیا کانٹوں کے کپڑے دیں تو وہ بھی پہن لیں گے۔ مگر لطف یہ کہ پتہ نہیں وہ کپڑے کس سے اور کہاں سے لائے گئے تھے۔ چنانچہ جب ہم نے وہ کپڑے پہنے تو زور سے سانس لینے پر ان کے دھاگے ٹوٹ گئے۔ اور سلائی کھل گئی یوں لگتا تھا کہ چھوٹی چھوٹی گڑیوں کو پہنانے والے کپڑے ہیں۔ ہم نے کہا ہم راضی برضائے الٰہی ہیں۔

غرض میں اس وقت صرف یہ بات بتا رہا ہوں کہ دنیا کے جو کپڑے ہیں ٹھیک ہے ان میں بعض خوبصورت بھی ہیں لیکن بعض دکھ بھی اُن کے ساتھ لگے ہوئے ہیں۔ گو ملک کی اکثریت کھدر کے کپڑے پہنتی ہے لیکن بعض لوگوں کے ہاں نائیلون کے کپڑے پہننے کا فیشن ہے۔ کوئی کہہ سکتا ہے کہ اس میں تو کھردرا پن نہیں ہوتا۔ کھردرا پن تو بے شک نہیں ہوتا مگر کئی لوگ ایسے بھی ہیں کہ اگر وہ نائیلون پہنیں تو ان کو "الرجی" ہو جاتی ہے۔ بعض لوگوں کا نائیلون پہننے سے پسینہ بند ہو جاتا ہے یا بعض کو پسینہ زیادہ آنے لگ جاتا ہے بظاہر یہ کپڑا بڑا خوبصورت لگتا ہے مگر پتہ نہیں لوگوں نے کس گند کو اکٹھا کر کے اور کون سا فارمولا لگا کر نائیلون کا کپڑا بنا دیا جو دیکھنے میں بڑا خوبصورت مگر پہننے کے لحاظ سے تکلیف دہ ثابت ہوتا ہے۔ میں خود بھی یہ کپڑا نہیں پہن سکتا۔ کچھ تو اس سے مجھے طبعاً گھن آتی ہے اور کچھ اس سے مجھے تکلیف بھی محسوس ہوتی ہے۔ مجھے تو گرمیوں میں سوتی کپڑے کی تلاش رہتی ہے اب تو اچکن سلوانے کے لئے سوتی کپڑا آسانی سے نہیں ملتا۔ اس کے لئے بھی بڑی تلاش کرنی پڑتی ہے۔ پس اس قسم کی جو مثالیں ہیں ان سے پتہ لگتا ہے کہ دنیوی نعمتوں کے ساتھ بعض دکھ پہنچانے والے حصے بھی لگے ہوتے ہیں لیکن روحانی نعمتوں کے ساتھ دکھ اور تکلیف نہیں ہوتی۔

غرض جیسا کہ میں نے بتایا ہے جمعہ اور رمضان کا (یہ مضمون بہت لمبا ہو گیا ہے۔ ابھی میں نے ایک اور بات بھی کہنی ہے۔) آپس میں بڑا گہرا تعلق ہے۔ اور وہ یہی

قبولیتِ دعا کا تعلق

ہے۔ رمضان کا جمعہ بالخصوص یہ آخری جمعہ ہمیں یہ چیلنج دیتا ہے اور کہتا ہے اگلے سال میں پھر آؤں گا تو دیکھوں گا تم نے روحانی طور پر ترقی کی ہے یا نہیں۔ پس رمضان کا مہینہ تو اب گزرا چاہتا ہے۔ اس میں قبولیتِ دعا کی جو دکان کھلی تھی یہ ہر جمعہ کو کھلتی رہے گی جس میں روحانی اجر اور ثواب، اللہ کے فضل اور اس کی رحمتیں، قسما قسم کی برکتیں اور نعمتیں میسر آئیں گی مگر ہر انسان اپنے اپنے اعمال اور مجاہدہ کے مطابق انہیں حاصل اور روحانی حسن کو دوبالا کر سکے گا۔ غرض رمضان میں اور پھر ہر جمعہ کے دن روحانی بھوک کی سیری کا انتظام کیا

Digitized by Khilafat Library Rabwah

گیا ہے۔

ایک چیلنج جو مجھے اور آپ کو رمضان اور رمضان کا یہ آخری جمعہ دیتا ہے وہ اس دفعہ اکٹھا ہو گیا ہے۔ ہم ہر سال یکم نومبر سے

تحریک جدید کے نئے سال کا اعلان

کیا کرتے ہیں۔ چنانچہ اب اس جمعہ نے ہمیں یہ چیلنج دیا کہ پچھلے سال سے آگے بڑھ کر دکھاؤ یعنی یہ جمعۃ المبارک ہمیں یہ کہہ کر جا رہا ہے کہ میں اگلے سال آؤں گا اور دیکھوں گا کہ خدا تعالیٰ نے تمہارے لئے برکتوں اور نعمتوں کے جو سامان پہلے سے زیادہ مہیا کئے تھے اُن میں سے تم نے کتنا حصہ پایا۔

اس چیلنج پر اللہ تعالیٰ کے فضل سے پورا اترنے کی توقع کے ساتھ میں آج تحریک جدید کے ۳۹ ویں اور ۲۹ ویں اور ۸ ویں سال کا اعلان کرتا ہوں۔ تحریک جدید کے تین دفتر ہیں۔ یکم نومبر سے دفتر اوّل کا ۳۹ واں، دفتر دوم کا ۲۹ واں اور دفتر سوم کا ۸ واں سال شروع ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس میں برکت ڈالے۔

چار سال ہوئے میں نے اُس وقت کے حالات کے مطابق اور گزشتہ سالوں میں تحریک جدید کی مالی قربانیوں کا جائزہ لے کر جماعت کے سامنے ایک ٹارگٹ رکھا تھا۔ اور وہ یہ تھا کہ اندرون پاکستان تحریک جدید کا چندہ سات لاکھ نوّے ہزار روپے تک پہنچ جانا چاہیئے ویسے تو

تحریک جدید کا مجموعی بجٹ

یعنی تحریک جدید کی ساری دُنیا کی آمد جب اکٹھی کی جائے تو وہ کم و بیش پچاس لاکھ روپے بنتی ہے۔ جس میں آپ کا یعنی پاکستان کی جماعتوں کا چندہ اس وقت بہت کم ہے اس لئے میں نے یہ تحریک کی تھی کہ تحریک جدید کا چندہ سات لاکھ نوّے ہزار روپے تک پہنچ جانا چاہیئے لیکن ایسا نہیں ہو سکا۔ تاہم اس کی چند وجوہ ہیں۔ گزشتہ چار سال میں ملک میں جو حالات گزرے ہیں جب اُن کا جائزہ لیتا ہوں تو میں اپنے دل کو حمد کے جذبات سے معمور پاتا ہوں آپ کے خلاف میرے دل میں غصہ نہیں پیدا ہوتا۔

تحریک جدید کے دفتر اوّل

کے چونتیسویں سال یعنی ۶۸-۱۹۶۷ء میں دفتر دوم اور سوم کو بھی ملا کر اندرون پاکستان تحریک جدید کا چندہ پانچ لاکھ پچاس ہزار روپے تھا۔ اور اس سے اگلے سال یعنی ۶۹-۱۹۶۸ء میں چھ لاکھ تیس ہزار تک پہنچ گیا یعنی اسی ہزار روپے کا اضافہ ہوا اور یہ بڑا خوشکن اضافہ تھا پھر اس سے اگلے سال یعنی ۷۰-۱۹۶۹ء میں یہ چندہ چھ لاکھ تیس ہزار سے بڑھ کر چھ لاکھ پینسٹھ ہزار روپے تک پہنچ گیا مگر اس سے اگلے سال یعنی ۷۱-۱۹۷۰ء میں یہ رقم چھ لاکھ پینسٹھ ہزار سے گر کر چھ لاکھ اڑتیس ہزار روپے پر آ گئی۔ کیونکہ ملک میں ہنگاموں کی وجہ سے بڑا شور مچ گیا۔ جلوس اور سٹرائیکس گھیراؤ اور جلاؤ کی ایک جنونی کیفیت تھی جو قوم پر طاری ہو گئی لیکن اتنے بڑے ہنگاموں اور اس قدر جنونی کیفیت کے باوجود تحریک جدید کے چندوں میں صرف ستائیس ہزار روپے کی کمی واقع ہوئی۔ اور میں سمجھتا ہوں

یہ بھی اللہ تعالیٰ کا فضل ہے

ورنہ ملکی حالات تو بڑے دگرگوں تھے۔ چنانچہ ملک میں سٹرائیکس وغیرہ کا سلسلہ ایک حد تک اب بھی جاری ہے۔ کوئی کہہ سکتا ہے کہ ملکی سٹرائیکس کا تحریک جدید کے چندوں کے ساتھ کیا تعلق ہے۔ اس کا تعلق ہمارے تاجروں کے ساتھ ہے۔ اور اس کا تعلق ہمارے دوستوں کے ساتھ ہے۔ جو کارخانوں میں ملازم ہیں اور اس کا تعلق اُن چیزوں کے ساتھ ہے جو کارخانوں میں بنتی ہیں یا نہیں بنتیں۔ سٹرائیکوں کی وجہ سے جب پیداوار کم ہو گی تو ملک کی آمد بھی مجموعی طور پر کم ہو جائے گی۔ پیداوار اور آمد ایک ہی چیز کی دو شکلیں اور دو زاویئے ہیں ہم ایک کو پیداوار اور دوسرے کو آمد کہہ دیتے ہیں۔

بہرحال ہنگاموں اور ہڑتالوں کی وجہ سے جہاں ملکی معیشت تباہ ہوتی ہے وہاں تحریک جدید اور جماعت کے دوسرے چندوں پر بھی اثر پڑتا ہے مگر ان

غیر تسلّی بخش حالات کے باوجود

تحریک جدید کے پچھلے سال یعنی ۷۲-۱۹۷۱ء میں چھ لاکھ پچھتر ہزار روپے کی آمد ہوئی حالانکہ اس میں مشرقی پاکستان کا چندہ شامل نہیں ہے۔ گو ہماری دعائیں ہیں کہ خدا کرے ملک کے دونوں حصّے پھر سے ایک ہو جائیں لیکن بظاہر حالات ہی کچھ ایسے ہو گئے ہیں کہ تحریک جدید کا جو چندہ مشرقی پاکستان کی جماعتوں کی طرف سے آتا تھا وہ نہیں آ سکا اور نہ آ سکتا تھا ویسے ہم امید رکھتے ہیں اور غیر ممالک مثلاً انگلستان سے مختلف ذرائع سے ہمیں خبریں بھی مل رہی ہیں کہ مشرقی پاکستان کی جماعت خدا تعالیٰ کے فضل سے ان ہنگاموں اور وحشتوں کے باوجود مالی قربانیاں بھی دے رہی ہے وہاں نئی سے نئی جماعتیں بھی قائم ہو رہی ہیں۔ نئے احمدی بھی ہو رہے ہیں۔ چنانچہ اس قسم کی خوشکن خبریں جب انگلستان یا دوسرے ممالک میں پہنچتی ہیں تو یہ ایک قدرتی بات ہے کہ وہاں کے دوست ہمیں بھی اس خوشی میں شامل کرتے ہیں اور اُن کے حالات لکھ بھیجتے ہیں

غرض مشرقی پاکستان میں رونما ہونے والے واقعات کے باوجود پچھلے سال تحریک جدید کا چندہ تدریجی ترقی کے آخری سال یعنی چھ لاکھ پینسٹھ ہزار سے بڑھ کر چھ لاکھ پچھتر ہزار تک جا پہنچا حالانکہ اس میں مشرقی پاکستان کی آمد شامل نہیں ہے اگر وہ بھی چھ لاکھ پینسٹھ ہزار روپے والی آمد کی طرح ہی سمجھ لی جائے تو یہ رقم سات لاکھ پانچ ہزار روپے بنتی ہے۔

پس اگرچہ ساری دُنیا میں ایک آگ لگی ہوئی ہے لیکن چونکہ ہمارے ساتھ یہ وعدہ ہے کہ آگ سے ہمیں مت ڈراؤ۔ یہ آگ ہماری غلام بلکہ ہمارے غلاموں کی غلام ہے چنانچہ خدا تعالیٰ کی اس قدرت کا مظاہرہ

تحریک جدید کے چندوں میں اضافہ

کی صورت میں ہوا۔ لوگوں کی آمدنیوں پر اثر پڑنا چاہیئے تھا مگر اللہ تعالیٰ نے جماعت احمدیہ کو مجموعی طور پر یہ توفیق عطا فرمائی کہ وہ اس فتنہ و فساد کی آگ سے اپنی آمدنیوں کو متاثر نہ ہونے دیں۔ تاکہ غلبۂ اسلام کے لئے قربانیاں دینے کی جو ذمہ داری ان پر عاید کی گئی ہے وہ اثر انداز نہ ہو اور ان کی کوششوں میں کمی واقع نہ ہو یا اس نسبت سے اللہ تعالیٰ کے فضلوں میں کمی نہ آ جائے۔ ویسے پچھلے سال کے مقابلے میں اس سال غیر ممالک میں جماعت پر اللہ تعالیٰ کا بڑا فضل نازل ہوا ہے جو آپ کے سامنے بھی آنا چاہیئے۔ اس لئے

تحریک جدید کو چاہیئے

کہ وہ چھوٹے چھوٹے نوٹ الفضل میں دیا کریں۔ اسی طرح "نصرت جہاں آگے بڑھو" کی سکیم ہے۔ اس سکیم کے ماتحت بہت سے کام ہو رہے ہیں۔ اس الٰہی سکیم کے ذریعہ اللہ تعالیٰ کے پیار اور اس کی رحمت کے عجیب نظارے ہم آئے روز دیکھتے رہتے ہیں۔ اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ نظارے جماعت کے سامنے آنے چاہئیں تاکہ وہ بھی شکر ادا کریں اور دل کی گہرائیوں سے الحمد للہ کا ورد کریں اور دین کی راہ میں بشاشت کے ساتھ مزید قربانیاں دینے کے لئے تیار ہوں۔

بہرحال سات لاکھ پانچ ہزار کی رقم بھی ٹارگٹ سے کم ہے اس میں پچاسی ہزار روپے کا فرق ہے اس لئے دوستوں کو چاہیئے کہ وہ ٹارگٹ تک پہنچنے کے لئے اس کمی کو اس نئے سال میں پورا کرنے کی کوشش کریں۔ میں بھی کوشش اور دعا کروں گا۔ آپ بھی دعائیں کریں۔ میری کوشش اور دعائیں کرنے کا یہ مطلب نہیں کہ آپ دعائیں نہ کریں۔ آپ دعائیں بھی کریں اور کوشش بھی کریں۔ اور میں کوشش بھی کروں گا اور دعائیں بھی کروں گا تاکہ یہ ٹارگٹ پورا ہو جائے۔ میں پہلے بھی کئی دفعہ توجہ دلا چکا ہوں کہ تحریک جدید میں چندوں کی

کمی کو پورا کرنے کی اصل ذمہ داری

دفتر سوم پر عاید ہوتی ہے۔ کیونکہ یہ نیا دفتر ہے اور اس کے قیام پر ابھی سات سال گزرے ہیں۔ اس دفتر نے آگے چل کر دفتر دوم کی جگہ مقامی کرنی ہے۔ اور پھر دفتر اوّل کی قائم مقامی کرنی ہے۔ دفتر اوّل میں شامل ہونے والوں میں سے کچھ دوست ہر سال وفات پا جاتے ہیں بعض دوست ایسے بھی ہوتے ہیں جن کی پانچ پانچ ہزار روپے آمد تھی لیکن بڑھاپے کی وجہ سے ان کی آمد کم ہو گئی ہے اس کمی کو تو وہ خدا تعالیٰ کے پیار میں شاید برداشت کر لیتے ہوں لیکن ان میں سے اکثر وفات پا جاتے ہیں اور اس میں نہ میرا اختیار ہے۔ اور نہ آپ کا اختیار ہے۔ پس اگرچہ دفتر اوّل نے اپنے دفتر پر تحریک جدید کے چندوں میں خاطر خواہ اضافہ کیا مگر طبعی اثرات کی وجہ سے مشکل یہ بن گئی کہ دفتر اوّل کا چندہ گرتے گرتے ۶۸-۱۹۶۷ء میں (اس سے پہلے کے اعداد و شمار میرے پاس نہیں ہیں۔) ایک لاکھ پچپن ہزار روپے پر آ گیا۔ پھر تین سال بعد ۷۲-۱۹۷۱ء میں ایک لاکھ پینتالیس ہزار روپے رہ گیا۔ ان تین چار سال میں دس ہزار روپے کی کمی بتاتی ہے کہ بعض دوست وفات پا گئے یا بعض پنشن پر آ گئے اور آمد کم ہو گئی یا بڑھاپے کی وجہ سے تجارت کرنا چھوڑ دی۔ اور اپنے بیٹوں سے کہہ دیا کہ وہ کاروبار

Digitized by Khilafat Library Rabwah

سنبھالیں۔ ایسی صورت میں تحریک جدید کا چندہ ان کے بٹیول کے حساب میں لکھا جائے گا لیکن ایسے بوڑھے دوستوں کی آمدنی تو بہرحال کم ہو جاتی ہے اسیطرح ان کا چندہ بھی۔ ایسے دوستوں سے تو پھر تھوڑے سے چندے کی توقع کی جا سکتی ہے یعنی وہ اپنے جیب خرچ یا اس آمد سے جو وہ اپنے لئے علیحدہ کر لیتے ہیں اس میں سے ہی چندہ دے سکتے ہیں۔ اس لئے ان حالات میں ۶۸-۱۹۶۷ء اور ۷۲-۱۹۷۱ء کے درمیانی عرصہ میں دفتر اوّل کے چندوں میں دس ہزار کی کمی کوئی اتنی بڑی کمی نہیں ہے عام حالات میں اس سے زیادہ کمی واقع ہونے کا اندیشہ تھا۔ ویسے تو خدا تعالیٰ دس آدمیوں کو بھی اگر یہ توفیق عطا کرے کہ وہ اس دفتر میں پچاس گنا زیادہ چندہ دیں تو یہ فرق دور ہو جائے گا اس لئے میں یہ نہیں کہتا کہ یہ اللہ تعالیٰ کی قدرت سے باہر ہے میں یہ کہتا ہوں کہ انسانی زندگی کا یہ معمول ہے کہ کچھ عرصہ زندگی گزارنے کے بعد ہر انسان پر بڑھاپا آتا ہے اور پھر موت آتی ہے اس لحاظ سے

دفتر اوّل بظاہر کمی کی طرف جا رہا ہے

اور پچھلے سالوں میں عملاً کمی واقع بھی ہو چکی ہے

پھر دفتر دوم جو مالی قربانی کے لحاظ سے ۲۸ سال گزار چکا ہے اس میں دوستوں نے ہمت کی ان کا چندہ چار لاکھ پچیس ہزار تک پہنچ گیا ہے جب کہ ۶۸-۱۹۶۷ء میں تین لاکھ چوالیس ہزار روپے تھا۔ گویا دوست ان چند سالوں میں قریباً ۹۹ ہزار کی حد تک آگے بڑھے ہیں اور انشاء اللہ سات آٹھ یا دس سال میں اور آگے بڑھیں گے۔ اور پھر یہ دفتر ——— دفتر اوّل کی جگہ لے گا۔

دفتر سوم نے چونکہ دفتر دوم کی جگہ لینی ہے اس واسطے اگلے آٹھ دس سال میں دفتر دوم کا چندہ ساڑھے چار اور چھ لاکھ کے درمیان پہنچنا چاہیئے۔ ساڑھے چار لاکھ روپے کے قریب تو ہماری یہ موجودہ نسل پہنچ گئی ہے۔ اگلی نسل اپنی تعداد کے لحاظ سے اور اللہ تعالیٰ کے فضل کے نتیجہ میں اپنی آمد کے لحاظ سے بہرحال بڑھے گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ تو پھر اس لحاظ سے اُن کا تحریک جدید کا چندہ بھی بڑھے گا۔ بہرحال اب اس سال کی میں بات کر رہا ہوں اس میں دفتر سوم کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ تحریک جدید کے چندوں میں اضافہ کریں۔ اور اسے

مقررہ ٹارگٹ تک لے جائیں

یعنی مجموعی چندہ ان کی کوشش سے یا مجھے یوں کہنا چاہیئے کہ ٹارگٹ تک لے جانے کے لئے بڑی کوشش ان کی ہونی چاہیئے تاکہ اس سال تحریک جدید کے چندوں کی رقم سات لاکھ نوّے ہزار تک پہنچ جائے اس میں کچھ دفتر دوم بھی حصہ دار ہوگا دفتر اوّل کے لئے تو بظاہر مشکل ہے بعض دفعہ استثنائی حالات میں اللہ تعالیٰ معجزہ دکھا دیتا ہے یہ اور بات ہے۔ ہم عاجز اس کے مستحق تو نہیں مگر اس نے ہمیں اپنی رحمتوں کے لئے چنا ہے اس لئے ہمارے دلوں میں تقویت پیدا کرنے کے لئے اور ہمارے چہروں پر بشاشت پیدا کرنے کے لئے وہ معجزے دکھاتا ہے اور کہتا ہے تم میری راہ میں تھوڑا دیتے ہو اور میں تم پر بہت فضل نازل کرتا ہوں۔ اس لئے تم میری راہ میں اور دو تاکہ تم میرے فضلوں کے مزید حقدار اور وارث بنو ——— ایک اور بات میں مختصراً یہ بھی کہنا چاہتا ہوں کہ دفتر نے مجھے لکھا ہے کہ

سابقہ تعامل یہ ہے

کہ ۳۱ مارچ تک وعدے آتے رہتے ہیں مگر تحریک جدید کا بجٹ مشاورت سے کئی مہینے پہلے تیار ہونا چاہیئے۔ اور وہ ۳۱ دسمبر تک تیار ہوتا ہے اس لئے وعدہ کی تاریخ بدل دینی چاہیئے میں سمجھتا ہوں کہ وکیل المال اوّل کی رائے درست ہے۔ اس طرح کام میں سہولت پیدا ہوگی کام تو وہ پہلے بھی کرتے تھے اور اب بھی کریں گے لیکن ان کی سہولت کے پیش نظر بالفاظ دیگر اپنے احمدی بھائی اپنے دوسرے بھائیوں کی سہولت کے مدنظر اپنے وعدے ۳۱ دسمبر سے پہلے دفتر وکالت مال تحریک جدید میں بھجوا دیں تاکہ ان کے کام میں سہولت پیدا ہو جائے۔ اور آسانی کے ساتھ وہ اپنے بجٹ وغیرہ تیار کر سکیں۔ یہ کوئی مشکل بات نہیں آپ بعض لوگوں کو چھ مہینہ کا عرصہ کیوں دیتے ہیں۔ آپ سوچیں گے آپ کو شرم آئے گی۔ آپ غصہ کے خط لکھیں گے کہ پہلے تاریخ کیوں نہیں بدلوائی۔ بہرحال ۳۱ دسمبر تک یہ وعدے دفتر وکالت مال میں پہنچ جانے چاہئیں۔

میں اس سلسلہ میں دو جماعتوں کو اچھی مثال کے طور پر اپنے بھائیوں کے لئے رکھنا چاہتا ہوں ایک اسلام آباد کی جماعت ہے۔ سات لاکھ نوّے ہزار کے ٹارگٹ کے مطابق ان کے حصہ میں جو رقم آئی تھی وہ انہوں نے ادا کر دی ہے۔ اللہ تعالیٰ انہیں بہترین جزاء عطا فرمائے دوسری کراچی کی جماعت ہے انہوں نے بذریعہ تار اطلاع دی ہے کہ سال رواں کے تحریک جدید کے وعدوں کی سو فی صدی وصولی کر لی ہے۔ وہ کچھ رقم بھجوا چکے ہیں اور باقی ماندہ بھجوا رہے ہیں ٹارگٹ کے لحاظ سے جو رقم ان کے حصہ میں آتی تھی وہ انہوں نے ادا کی ہے یا نہیں اس کا تو تار میں ذکر نہیں تاہم اس وقت جب کہ اکثر جماعتوں کی ادائیگی سو فیصد نہیں ہوئی انہوں نے چھ مہینے پہلے تحریک جدید کا وعدہ سو فیصد پورا کر دیا ہے۔ فجزاھم اللہ تعالیٰ خیرًا ویسے تحریک جدید کا نیا سال یکم نومبر سے شروع ہوتا ہے یہ تو کچھ سہولتیں جماعت کے مختلف چندوں کی وصولی کو پیش نظر رکھتے ہوئے جماعت کو دی گئی ہیں بہرحال ایسی جماعتیں چند ایک ہی ہیں جو وقت سے پہلے سو فیصد ادائیگی کر دیتی ہیں اس سلسلہ میں

کراچی کی جماعت قابل ذکر ہے

ان کی طرف سے سال رواں کا وعدہ ایک لاکھ سولہ ہزار کا تھا اب انہوں نے نیا وعدہ ایک لاکھ بیس ہزار روپے کا بھجوایا ہے۔ اسی طرح لاہور کی جماعت ہے، راولپنڈی کی جماعت ہے، پشاور کی جماعت ہے۔ پانچ سات بڑی بڑی جماعتیں ہیں جو تحریک جدید (اور دوسرے چندوں کا بھی) بڑا بوجھ اٹھاتی ہیں۔ اب مثلاً تحریک جدید کے سال رواں کے بجٹ میں سے ایک لاکھ سولہ ہزار روپے کا بجٹ کراچی نے پورا کیا ہے جو پاکستان میں تحریک کے چندوں کے سارے بجٹ کا قریباً پانچواں حصہ ہے۔ گویا بیس فیصد بوجھ صرف کراچی کی جماعت نے اٹھا لیا ہے۔ ان کے علاوہ بھی بہت سی جماعتیں نومبر تک یہ چندہ ادا کر سکتی ہیں یا کم از کم دسمبر سے پہلے دے سکتی ہیں اور اُن کو دینا چاہیئے تاہم اگر بروقت ادائیگی نہیں ہوتی تو اس میں اُن کا اتنا قصور نہیں جتنا لینے والوں کا قصور ہے۔ دفتر انہیں یاددہانیاں نہیں کراتے۔ قرآن کریم میں خدا تعالیٰ نے یوں ہی بلاوجہ "ذکّر" کی نصیحت نہیں فرمائی۔ خدا تعالیٰ نے مختلف پہلوؤں سے مختلف محاورے استعمال کر کے مختلف مضامین کے ضمن میں "ذکّر" کا لفظ استعمال کر کے اس طرف توجہ دلائی ہے کہ تم لوگوں کو یاد دلاتے رہا کرو۔ کیونکہ بعض دفعہ ایک انتہائی مخلص انسان بھی سستی کر جاتا ہے۔ پس "ذکّر" یعنی یاددہانی کا یہ مطلب نہیں ہوتا کہ جس آدمی کو یاددہانی کرائی جا رہی ہے۔ اس کے اندر اخلاص نہیں ہے بلکہ اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ جس کو "ذکّر" کی یاددہانی کرنے کی نصیحت کی گئی تھی اُس نے اس حکم پر عمل نہیں کیا۔

پس

یہ ایک چیلنج ہے۔

جو رمضان کا یہ آخری جمعہ ہمیں دے کر رخصت ہو رہا ہے۔ ہمیں یہ بھی کہا گیا ہے کہ زمانے کے لئے بھی دعا کرو۔ چنانچہ حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ زمانے کو بُرا بھلا نہ کہو جس کا مطلب یہی ہے کہ زمانے کو اچھا کہو۔ اس کا ایک پہلو تو یہ ہے کہ زمانے سے کہو تیرا شکریہ۔ چنانچہ اس کے متعلق حدیث میں ایک معنے یہ بھی بیان ہوئے ہیں کہ زمانہ کوئی چیز نہیں اصل تو خدا تعالیٰ ہی ہے۔ پس جب اصل خدا تعالیٰ ہی ہے تو پھر زمانہ کو بُرا بھلا نہ کہہ کے مقابل پر آ جائے گا۔ الحمد للہ پڑھو اور الحمد اللہ ان کی نعمتوں کو دیکھ کر پڑھو جاتی ہے جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے نازل ہوتی ہیں۔ پھر یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ ہر زمانہ میں خدا تعالیٰ کے پیار اور اس کی رضا کی تلاش میں ایک گروہ، ایک جماعت کوشاں ہوتی ہے اور وہ مجاہدہ میں مصروف ہوتی ہے۔ غرض جس زمانہ میں رضائے الٰہی اور محبت الٰہی کے حصول کے لئے ان لوگوں کی ایک جماعت کی جماعت (اگرچہ کبھی چھوٹی ہوتی ہے اور کبھی بڑی ہوتی ہے لیکن کوئی زمانہ اس سے خالی نہیں ہوتا) جب کوشاں ہوتی ہے۔ اس کے لئے مجاہدہ کر رہی ہوتی ہے تو اس زمانہ کو تم کیسے بُرا کہو گے۔ چنانچہ اس معنی کے اعتبار سے ہم یہ کہیں گے کہ زمانہ کے لئے بھی دعائیں کرو۔ پس

ہم یہ کہہ سکتے ہیں

کہ اے آج کے یوم الجمعۃ! تیرے اندر زندگی گزارنے والی وہ جماعت جو خدا تعالیٰ کے پیار کو حاصل کرنے کے لئے کوشاں ہے خدا کرے کہ تیرا وجود اس کے لحاظ سے ان کے لئے ایک بابرکت دن بنے۔ جس میں وہ اللہ تعالیٰ کی رحمتوں اور اس کی برکتوں کو زیادہ سے زیادہ حاصل کرنے والے ہوں۔ اے خدا تو ایسا ہی کر۔

مکرم منشی بشیر احمد صاحب کاتب الفضل وفات پا گئے

اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن

نہایت افسوس سے تحریر کیا جاتا ہے کہ روزنامہ الفضل ربوہ کے کاتب مکرم بشیر احمد صاحب ۱۹ نومبر نبوت کو قریباً بائیس سال کی عمر میں وفات پا گئے اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن۔ مرحوم ایک مخلص احمدی تھے گیارہ سال کے قریب ضیاء الاسلام پریس ربوہ میں بطور سنگ ذکام کرتے رہے آخر میں قریباً دو سال الفضل میں بطور کاتب کام کیا۔ کچھ عرصہ سے بیمار تھے، علاج معالجہ کے باوجود کوئی افاقہ نہ ہوا۔ اور بالآخر اپنے مولا حقیقی سے جا ملے۔ ۲۰ نبوت کو بعد نماز ظہر مسجد مبارک میں سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے نماز جنازہ پڑھائی اور بعد ازاں موصی ہونے کی وجہ سے بہشتی مقبرہ میں تدفین عمل میں آئی قبر تیار ہونے پر محترم مولانا ابوالعطاء صاحب فاضل جالندھری نے دعا کرائی۔ احباب دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرما کے اپنی رضا کی جنتوں میں جگہ دے اور ان کی بیوہ بوڑھے والدین اور بھائی بہنوں کو صبر جمیل عطا فرمائے اور خود اس کا حامی و ناصر ہو۔ آمین۔